An Garda Síochána

نفرت و حقارت کے جرم کی مہم کا اسکرپٹ

(گاردا)

نفرت و حقارت کا جرم کئی صورتوں میں ظاہر ہوتا ہے۔ اس سے خوف پیداہوتا ہے، یہ کمیونٹیز میں تقسیم کا باعث بنتا ہے اور اس سے دور رس تباہ کن اثرات مرتب ہوتے ہیں۔افراد، خاندانوں اور کمیونٹیز پر نفرت وحقارت کےمرتب ہونے والے اثرات کو گاردا شیئوہانا کی جانب سے تسلیم کیا جاتاہے۔ہم یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ نفرت وحقارت کے جرائم کے بارے میں بہت کم اطلاعات فراہم کی جاتی ہیں اور ہم اس کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔

(کمیونٹی کے نمائندے)

اگر آپ کے خلاف نفرت وحقارت کے جرم کاارتکاب ہوا ہے یا پھر آپ اس کے عینی گواہ ہیں تو براہِ مہربانی گاردا شیئوہانا کومطلع کریں۔آپ مقامی گاردا اسٹیشن پر ٹیلی فون کے ذریعے رابطہ کرکےیا پھر وہاں جا کریا پھرwww.garda.ie پر موجودنئی آن لائن ہیٹ کرائم رپورٹنگ کی سہولت کو استعمال کرتے ہوئے اطلاع فراہم کرسکتے ہیں۔

نفرت و حقارت کا جرم ایک معاشرتی مسئلہ ہے اور یہ ضروری ہے کہ پوری کمیونٹی کی جانب سے اس پر ردِ عمل سامنے آئے۔ اگر متاثرہ فرد، عینی گواہ اور گاردا مل کر کام کریں ، تو ہم سب مل کر ایک واضح پیغام دے سکتے ہیں کہ نفرت و حقارت کا جرم ناقابلِ قبول ہے اور ہماری کمیونٹیز میں اس کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔

ہم ایک ساتھ مل کر نفرت وحقارت کے جرم کی خاموشی کو توڑ سکتے ہیں، ذمہ دار افراد سے نبٹ سکتے ہیں اور اپنے لوگوں کو تحفظ فراہم کرسکتے ہیں۔

تمام افراد کے لیے تعظیم اور وقار کی یقین دہانی کرنااور مساوات ایک بنیادی حق ہے۔ ہماری شناخت پر حملہ آور ہوکر اور ہماری کمیونٹیز کو تقسیم کرکے نفرت وحقارت کا جرم مساوات کو چیلنج کرتاہے۔

نفرت وحقارت کے جرم کا شکار افراد خوف، احساسِ جرم یا پھر صدمے کا شکار ہوجاتے ہیں ، کیوں کہ ان کا قصور محض یہ ہوتا ہے کہ وہ ایسے کیوں ہیں جیسے وہ ہیں۔

نفرت و حقارت کے جرم کے اثرات افراد اور خاندان سے بھی کہیں آگے پڑتے ہیں۔ پوری کمیونٹیز تسلیم کرتی ہیں کہ نفرت و حقارت کا جرم انفرادی اور اجتماعی احساسِ تحفظ کو خطرے سے دوچار کردیتا ہے۔

بعض افراد کے لیے نفرت وحقارت کے جرم کے بارے میں اطلاع فراہم کرنامشکل ہوتاہے۔ آن لائن رپورٹنگ کے استعمال یا پھر ایک مخصوص کردہ گاردا ڈائیورسٹی آفیسر سے بات کرنے کے ذریعے گاردا شیئوہانا اطلاع کے عمل کو آسان کرنا چاہتی ہے۔

جو کچھ ہوا ہے اس کے بارے میں جب آپ گاردا کو اطلاع فراہم کرتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ پورے معاملے کو درست طور پر سمجھنے اور مناسب انداز میں ردِ عمل دینے کے لیے گاردا کو مطلوبہ معلومات فراہم کررہے ہوتے ہیں۔اگر آپ تحریری بیان دینا یا عدالت میں جانا نہیں چاہتے تو یہ آپ کی مرضی ہے اور کوئی بھی آپ کو ایسا کرنے پر مجبور نہیں کرے گا۔

نفرت وحقارت کے جرائم کے بارے میں مطلع کرنے سے لوگ قانون کے سامنے جوابدہ ہوتے ہیں اور اس سےمستقبل میں اس طرح کے واقعات کی روک تھام میں بھی مدد ملتی ہے۔

اگر کوئی فرد نفرت وحقارت کے جرم یا پھر نفرت وحقارت کے واقعہ کے باعث دیگر افراد کی جانب سےتعصب یا عداوت کا شکار ہوا ہے تو گاردا شیئوہانا اس کی مدد کے لیے موجود ہے۔

نفرت وحقارت کے جرم کے بارے میں مزید معلومات کے لیےwww.garda.ie وزٹ کریں یا پھر اس ای میلdiversity@garda.ie پر گاردا نیشنل ڈائیورسٹی اینڈ انٹی گریشن یونٹ سے رابطہ کریں

نفرت و حقارت کے جرائم کے بارے میں اطلاعات فراہم کرنے سے اس طرح کے واقعات کھل کر تمام لوگوں کے سامنے آئیں گے۔چلیں اس کو (سب) مل کر روکیں۔